نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے تمام اضلاع میں سبسڈی پر زرعی مشینری وآلات کی فراہمی کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور 28 اگست 2023( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب کی طرف سے تمام اضلاع میں زرعی مشینری و آلات کی کاشتکاروں کو سبسڈی پر فراہمی کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں ۔اس ضمن میں کاشتکاروں کو مشینری کی خرید کے لئے **60 فیصد** (زیادہ سے زیادہ **5 لاکھ روپے**) سبسڈی فراہم کی جائے گی۔درخواست گزار کم از کم 50 ہارس پاور کے ٹریکٹر (خود چلنے والی مشینری کے علاوہ) کا مالک ہو۔درخواست گزار نہری علاقوں میں 25 ایکڑ تک اور بارانی علاقوں میں 50 ایکڑ تک زرعی زمین کا مالک/مزارع ہو۔اس منصوبہ کے تحت سبسڈی پر زرعی آلات حاصل کرنے والا کاشتکار/سروس پرووائیڈر منصوبہ کی مدت کے دوران دوسرے کسانوں کو کرایہ پر خدمات دینے کا پابند ہوگا۔اس سکیم کے تحت مشینری/ آلات کے حصول کے لئے درخواست گزار نے پنجاب کے کسی اور مرکز یا ضلع میں درخواست نہ دی ہو۔منصوبہ کے تحت الاٹمنٹ لیٹر کے اجراء کے 10 دن کے اندر منظور شدہ فرموں/ کمپنیوں کے پاس بکنگ کروانا ضروری ہوگا ورنہ مالی امداد منسوخ تصور ہوگی جسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا اور یہ مالی امداد لسٹ میں موجود اگلے اہل فرد کو دے دی جائے گی۔اس منصوبہ کے تحت حاصل کردہ مشینری کو پہلے چار سال کے دوران کسی دوسرے شخص کو فروخت یا منتقل نہیں کیا جا سکے گا۔اس کے علاوہ درخواست گزار کو متعلقہ ضلع کے اسسٹنٹ ایگریکلچر انجینئر /اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچرل انجینئر نگ کے تحت مشینری کے آپریشنز، دیکھ بھال اور مرمت سے متعلق ایک روزہ تربیت حاصل کرنا ہوگی۔خواہشمند کاشتکار درخواست فارم بمعہ زرعی مشینری کی تفصیل محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **field.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔اس ضمن میں درخواست گزار مکمل فارم پر کر کے مطلوبہ کاغذات بشمول بیان حلفی (100 روپے کے اشٹام پر) متعلقہ اسسٹنٹ ایگریکلچر انجینئر کے دفتر میں **30 ستمبر 2023** تک جمع کروائیں۔

☆☆☆☆